اقوال زرّیں

- سب سے بہتر مومن وہ ہے، جو خود قرآن پاک کو سیکھے اور دوسروں کو سکھائے۔
- مذہب میں سے انسانیت اور خدمت نکال دی جائے تو صرف عبادت رہ جاتی ہے اور محض عبادت کے لیے پروردگار کے پاس فرشتوں کی کوئی کمی نہیں۔
- پرہیزگار شخص کی ایک نشانی یہ بھی ہے کہ اس کے دل میں اللہ کا خوف اور آنکھ میں حیا ہوتی ہے۔

سیکولر اسٹیٹ کی پارلیمنٹ میں نعرے

محمد حنیف خان

ہندوستان

ایک سیکولر اور جمہوری ملک ہے، جو ملک کی سالمیت اور اس کے بقائے امن کا ضامن ہے، لیکن کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جو اس سیکولر اور جمہوری ریاست کے قیام سے قبل ہی سے اسی ایک مذہبی ریاست میں تبدیل کرنا چاہتے تھے، جو اسی تگ و دو میں لگے ہوئے ہیں اگرچہ کامیاب نہیں ہو سکے ہیں مگر انہوں نے اس فکر کو ترک بھی نہیں کیا بلکہ جس وقت بھی وہ موقع پاتے ہیں کہ کسی نہ کسی صورت میں اسے مذہبی ریاست میں تبدیل کر دیا جائے۔

18ویں لوک سبھا کے لیے عام انتخابات کے بعد ہوئی حلف برداری میں یہ منظر پورے ملک اور دنیا نے دیکھا کہ پارلیمنٹ جیسے جمہوری اور سیکولر ادارے میں طرح طرح کے نعرے گونجے۔ لیکن اچھی بات یہ رہی کہ اسی پارلیمنٹ سے اس کے خلاف صدائے احتجاج بھی بلند ہوئی اور متعارف و غیر جمہوری نعروں کو سخت الفاظ میں مسترد بھی کر دیا گیا، مگر افسوس کی بات یہ ہے کہ جس آئین کی سالمیت اور اس کے نفاذ کا حلف ان ممبران پارلیمنٹ نے لیا، انہوں نے ہی اسے اخلاق سطح پر اس کی دھجیاں بھی اڑا دیں۔

پارلیمنٹ میں یوں تو کئی ممبران پارلیمنٹ نے حلف اٹھانے کے درمیان متنازع نعرے بازی کی مگر تین ممبران پارلیمنٹ اسدالدین اویسی، اروِن گوِیل اور چھنتر پال سنگھ گنگوار ایسے رہے جنہوں نے ملک کے جمہوریت پسند عوام کو بہت کچھ سوچنے پر مجبور کر دیا۔

اسدالدین اویسی نے حلف برداری کے آخر میں ہے فلسطین جو زار بریلی سے ممبر پارلیمنٹ چھتر پال سنگھ گنگوار نے ہندو راشٹر کا نعرہ لگایا جبکہ مرچھ سے پارلیمنٹ اروِن گوِیل نے جے شری رام کے نعرے لگائے۔

حیدرآباد سے رکن پارلیمان اسدالدین اویسی کے ذریعہ جے فلسطین کا نعرہ لگائے جانے کے بعد ہمیشہ کی طرح تنازع شروع ہو گیا جبکہ پارلیمنٹ میں لگائے گئے جے شری رام کے نعروں کے پس پشت چھپی فکر اور معاشرے پر پڑنے والے اس کے منفی اثرات پر گفتگو نہیں ہوئی بلکہ حکمراں پارٹی سے وابستہ ممبران پارلیمنٹ سے لے کر باہر کی وی چینلوں اور سوشل میڈیا تک پر سب اویسی کے پیچھے پڑ گئے اور ان کے خلاف ایک محاذ کھول دیا۔ ایک وی وی چینل نے تو یہاں تک اسکرولنگ چلا دی کہ یہ اویسی اب 'سابق ممبر پارلیمنٹ ہو جائیں گے'۔

اسدالدین اویسی کو لوٹس ساتھ ممبر پارلیمنٹ دیکھنے کی خواہش رکھنے والے آئین ہند کی دفعہ 102 کا حوالہ دیتے ہوئے کہتے ہیں کہ اس دفعہ کی رو سے ان کی رکنیت منسوخ کرنے کی بات ہے۔ دراصل آئین ہند کی دفعہ 102 ممبران کی رکنیت کی منسوخی کے تعلق سے ہے جس کی ذیلی شقوں پر 19ویں 1949ء اور 13 اکتوبر 1949 کو دو بار بحث ہوئی جس کے بعد اسے آئین میں شامل کر لیا گیا۔ سب سے زیادہ بحث اس بات پر ہوئی کہ حکومتیں ان دفعہ کا غیر مناسب استعمال نہ کر کے اپنے مخالفین کو پارلیمنٹ سے باہر نہ کر سکیں، اس دفعہ میں دو بار ترمیم بھی ہو چکی ہے۔ دفعہ 102 میں پانچ شقیں ہیں، پہلی شق (گ) کے تحت کہا گیا ہے کہ اگر کسی پارلیمنٹ جو ہندوستان کا شہری نہیں ہے یا اس نے اپنی مرضی سے کسی دوسرے ملک کی رکنیت حاصل کر لی ہے یا کسی دوسرے ملک کے تئیں وفاداری یا اس کے قانون پر تزئینی بنیاد پر عمل کرتا ہے تو اس کی رکنیت منسوخ ہو جائے گی۔ اس تیسری شق کے آخری جز کو بھی مدنظر رکھ کر یہ بھی کہا گیا اور صدر جمہوریہ سے لے کر سپریم کورٹ تک میں عرضی دے کر مطالبہ کیا گیا کہ اس کی رکنیت منسوخ کر دی جائے۔

بادی النظر میں تو محسوس ہوتا ہے کہ اسدالدین اویسی نے جے فلسطین کا نعرہ لگا کر غلط کیا اور اس موقع پر ایسا کرنا غیر مناسب بھی تھا مگر اس نعرے کے ذریعہ وہ کسی دوسری ریاست کے تئیں نہ تو اپنی وفاداری کا اظہار کر رہے تھے اور نہ خود پر، وہاں کے قوانین کا نفاذ کر رہے تھے بلکہ اس وقت روئے زمین کے سب سے مظلوم، مقہور اور محروم ملک کے عوام کی جانب وہ حکومت اور ممبران پارلیمنٹ کی توجہ مبذول کرانا چاہتے تھے اور ان کی خواہش تھی کہ ہندوستان کی حکومت فوری طور پر یہ اقدام کرے کہ اس جنگ کو بند کرانے میں اپنا کردار ادا کرے تاکہ فلسطین کو انسانیت کی پامالی سے بچایا جا سکے، پارلیمنٹ کے باہر انہوں نے اپنے نعرے کی یہی توضیح بھی کی اور بتایا کہ انہوں نے یہ نعرہ کیوں لگایا۔ اسدالدین اویسی چونکہ سپریم کورٹ میں وکالت بھی کرتے ہیں، ایسے میں ان کی رکنیت پر خطرہ نہیں ہوگا البتہ دائیں بازو کی فکر کے حامل ممبران کو موقع ضرور مل گیا اور انہیں ایک بیانیہ بولنا چاہیے وہاں دوسرے ملک کی بے جا مخالفت کرنا چاہیے تھا کہ اس وقت ہمارے ملک کی جو صورتحال ہے اس پر بول